## سوال

(213) بعد موت کے دنیا کی طرف کچھ خیال کرتا ہے یا نہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آدمی نیک کا یا بدکار بعد موت کے دنیا کی طرف کچھ خیال کرتا ہے یا نہیں۔ مثلاً اولاد۔ بیوی۔ دولت۔ اوراپنی مادری زبان بولنا آوے گا یا نہیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید سے ثابت ہے۔ کہ نیک لوگ پچھلوں کے حق میں خوش خبری سننا چاہتے ہیں۔ اورارشاد ہے!

وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ ﴿١٧٠ سورۃ آل عمران﴾

جنتی لوگ اپنے پچھلوں کی نسبت خوشی طلب کرتے ہیں۔ زبان اپنی بولیں گے جوان کو یاد ہوگی۔ البتہ جنت میں جب سب مومنوں کا داخلہ ہوجائے گا تو سب اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔ بحکم حدیث "احبوا العرب لثلاث انا عربی والقران عربی ولسان اہل الجنۃ عربی"

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 392

محدث فتویٰ